92197
8.5.76

اردو شاعری میں قرآنی تلمیحات

زیر نگرانی

صدر شعبہ اردو جناب الحاج ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں صاحب

ایم، اے، ایل، ایل، بی، پی، ایچ، ڈی، ڈی لٹ،

سندھ یونیورسٹی

پیش کردہ

کشور سلطانہ

پی، ایچ، ڈی، اردو، سندھ یونیورسٹی

Ghulam Mustafa Khan
25/2/72

نمبر شمار　　　　عنوان

حصہ اوّل

حصہ دوم

(الف)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

میرے محترم استادِ گرامی قبلہ و کعبہ الحاج جناب ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں صاحب نے میرے مقالے کا عنوان "اردو شاعری میں قرآنی تلمیحات" تجویز فرمایا۔ ہر چند کہ اس پر قلم اٹھانا میری بساط سے باہر تھا لیکن توکلِ خداوندی پر میں نے یہ کام شروع کر دیا۔ مجھے اس سلسلے میں جسقدر مشکلات پیش آئیں وہ میں ہی جانتی ہوں ان مشکلات میں اگر استادِ محترم کی رہنمائی نہ ہوتی تو شاید یہ مقالہ پایۂ تکمیل کو نہ پہنچتا۔ اللہ کا بڑا احسان ہے اور قبلہ ڈاکٹر صاحب مدظلہٗ کی پدرانہ شفقت و محبت کا نتیجہ ہے کہ آج میں اس قابل ہوگئی ہوں کہ یہ مقالہ پیش کر سکوں۔

اللہ تعالےٰ کا شکر ہے کہ اس نے اپنے فضل سے اس کٹھن منزل کو باآسانی طے کر دیا۔ میں یہ دعویٰ تو نہیں کر سکتی کہ میں نے مقالے کے تمام پہلوؤں پر کما حقہٗ روشنی ڈالی ہے

لیکن اتنا ضرور کہہ سکتی ہوں کہ میں نے اپنی طرف سے پوری کوشش کی اگ
اس میں کوئی خامی نظر آئے تو اسے میری کمزوری خیال کیجے
لیکن اگر کوئی خوبی دکھائی دے تو اسے استاد محترم کا عطیہ
تصور کیجے۔

احقر :-

کشور سلطانہ
پی۔ ایچ۔ ڈی۔ اُردو
سندھ یونیورسٹی

25.12.72

(حصۂ اوّل)

ہمارے شعرائے ہر دینی اثرات

اور

اُن کے مختصر حالاتِ زندگی

Aurangzeb Qasmi
Subject Specialist
G.H.S.S Qasmi Mardan

اردو کی شاعری پر قرآن کے اثرات کو واضح طور پر بیان کرنے کے لیے ضروری ہے کہ ہندوستان کی اردو شاعری کا پس منظر بیان کیا جائے۔ کیونکہ اردو زبان ہندوستان کی پیداوار ہے اور جو زبان جس علاقہ میں وجود میں آتی ہے اس میں اس علاقے کے ماحول اور معاشرے کے تمام جزوی و کلی مسائل کے اثرات کا بہت گہرا اثر پڑتا ہے

جب ہندوستان میں اسلامی حکومت قائم ہوئی تو وہاں کے ماحول اور معاشرے نے بھی اپنا رخ بدلا۔ ہندوستان میں جو مسلمان فاتح آیا وہ اپنے ساتھ اسلامی ماحول و معاشرت کے اثرات لے کر آیا۔ جس سے ہندوستان کی اقوام پر اثر پڑنا ضروری تھا۔ اور الناس علی دین ملوکھم کے مصداق لوگوں نے بادشاہ کے دین کو اپنایا جس کی وجہ سے یہاں اسلام کی بنیادیں از خود قائم ہونی شروع ہو گئیں پھر ان سلاطین کے ساتھ

علماء و مشائخ کا ایک طبقہ آیا جس کا بنیادی مقصد
ہندوستان میں اسلامی اصولوں کو پھیلانا تھا۔ اور بلا شبہ اُنہی
کی کوششوں سے ہندوستان میں اسلام کی کرنیں پھیلیں جس
نے پورے ہندوستان میں روشنی پھیلائی۔ اردو زبان جس کی
سرپرستی صوفیائے کرام اور علماء نے کی اپنے دامن میں
قرآن کے وسیع مضامین رکھتی ہے۔ ہندوستان میں جس قدر
علماء و مشائخ گذرے سب ہی نے شعر گوئی کو اپنا شعار بنایا
ان میں امیر خسرو سے لے کر آخر تک برابر ایسے لوگ ہوئے
جنہوں نے نہ صرف فارسی میں قرآن کے مضامین کو نظم کیا
بلکہ اردو شاعری کے ذریعہ بھی ان خیالات و افکار کو عام
کرنے کی پوری کوشش کی۔ ڈاکٹر مولوی عبدالحق مرحوم
نے اسی سلسلہ میں ایک کتاب تصنیف کی جس کا نام "اردو
کی نشو ونما میں صوفیائے کرام کا حصہ" ہے اس کتاب کے

مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ صوفیائے کرام نے کیسے کیسے اعلیٰ خیالات کو تصوف کی چاشنی میں ڈبو کر عام مسلمانوں تک پہنچائے۔ بلا شبہ ان بزرگوں کی خدمات کو اردو سے محبت رکھنے والے افراد کبھی نہیں بھلا سکتے۔

جس زمانے میں اردو وجود میں آئی اس وقت ہندوستان میں شاعری کا عام رواج تھا۔ اور یہاں کے باشندے اس کو پوری طرح سمجھتے تھے اسی صورت میں صوفیائے کرام اور علماء وغیرہ کے لیے تبلیغ کا ایک ذریعہ اردو شاعری بھی تھا۔ چنانچہ انہوں نے اسے اختیار کیا اور اس کے ذریعہ اپنے خیالات کو عوام و خواص غرض ہر طبقہ تک پہنچایا۔ بقول مولانا عبد السلام ندوی " اردو شاعری کا آغاز مذہبی حیثیت سے ہوا اور ایک مدت تک مذہبی خیالات شاعری کا جزو غالب رہے۔" (شعر الہند جلد دوم ص ۲۷)

اگرچہ اردو میں اور بھی بہت سے ایسے شعرا ہوئے جنہوں نے رندی اور سرمستی کو اپنا مذہب بنایا - نقادانِ فن نے شعر کی تعریف یوں کی ہے - کہ "وہ کلام موزوں جو اپنے تاثرات کو عام کرنے میں ممدو و معاون ثابت ہو صحیح معنی میں شاعری ہے اور جس کا کلام اس معیار پر نہیں اترتا وہ شاعر بھی شاعر کہلانے کا مستحق نہیں "

اردو شاعری چونکہ صوفیاء اور علماء کے دامن تربیت میں پلی بڑھی اور جوان ہوئی تو اس میں اپنے بزرگوں کی تمام باتیں قدرتی طور پر ودیعت ہو گئیں -

ولی

ولی کا اصلی نام محمد ولی اللہ تھا وہ گجرات کے شہر احمد آباد
کے رہنے والے تھے بعد میں گجرات سے آکر اورنگ آباد میں مقیم
ہو گئے تھے اس لیے انہیں ولی اورنگ آبادی بھی کہہ دیا جاتا ہے
خود ولی نے شاہ سعد اللہ گلشن کے شاگرد ہونے کا اعتراف کیا
ہے۔

ولی نے اپنی شاعری کا آغاز دکنی زبان میں کیا پھر جب
آپ دہلی تشریف لے گئے وہاں آپ کے استاد شاہ صاحب نے
آپ کے شاعری کو دیکھ کر اردو معلی یا ریختہ میں شعر کہنے کا مشورہ
دیا۔ اس کے بعد ولی نے جو کچھ کہا وہ شمالی ہند کے محاورہ
کے مطابق ہے آپ کے کلام میں حقائق و معارف اور تصوف کے
مسائل اور اخلاقی درس بھی ملتا ہے ولی نے اردو غزل کو پہلی مرتبہ
احساس کمتری سے نکال کر فارسی غزل کے مقابل لا کھڑا کر دیا۔ ۱۱۱۹ھ میں وفات
پائی۔

سید سراج الدین سراج

پورا نام سراج الدین تھا تخلص بھی سراج تھا وہ اورنگ آباد کے رہنے والے اور درویش منش انسان تھے ۱۱۲۷ھ ۱۷۱۵ء میں پیدا ہوئے۔ بہت پر گو شاعر تھے چنانچہ صرف چار سال میں اپنا ضخیم دیوان مرتب کر ڈالا جس میں پانچ ہزار اشعار ہیں - ردیف وار غزلوں کے علاوہ مثنویاں - مخمس - ترجیع بند رباعیات سب ہی کچھ شامل ہیں - آپ کی زبان صاف، سادہ اور دل نشین ہے خیالات بلند اور مضامین شگفتہ ہیں

سراج نے ایک طویل مثنوی بوستان خیال بھی مرتب کی تھی جس میں ۱۱۶۰ اشعار ہیں یہ طویل مثنوی دو دن میں لکھی گئی لیکن زبان کی صفائی وروانی اور زور بیان میں کہیں کمی محسوس نہیں ہوتی - ان کی اس خود گوئی کو دیکھ کر حیرت ہوتی ہے - ۱۱۷۷ھ ۱۷۶۳ء میں فوت ہوگئے۔

مرزا جانِ جاں مظہر

پورا نام مرزا جان جاں تھا تخلص مظہر اختیار کیا - بعد میں نام میں تھوڑی سی تبدیلی ہو کر جان جاں سے جانِ جاناں ہو گیا - ان کے والد کا نام مرزا جان تھا اسی کی مناسبت سے اورنگ زیب نے ان کا نام جانِ جاں رکھا تھا - ان کا سلسلۂ نسب حضرت محمد بن الحنفیہ کے واسطے سے حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مل جاتا ہے مظہر کا وطن تو آگرہ تھا لیکن والد بسلسلہ ملازمت دکن میں مقیم تھے - وہیں ۱۱۱۳ھ - ۱۷۰۳ء میں آپ کی ولادت ہوئی - آپ سولہ سال کے تھے کہ والد کا سایہ سر سے اٹھ گیا - پھر آپ دہلی میں جا بسے - وہیں نور محمد بدایونی رحمتہ اللہ علیہ سے بیعت کی اور کچھ عرصہ بعد مشائخ میں شمار ہونے لگے جب اردو میں ایہام گوئی کا رواج دیکھا تو انہوں نے اس کو ایک عیب سمجھ کر بدلنا چاہا اپنے شاگرد یقین کے ذریعے اس تحریک کو بدل دیا ۱۱۹۵ھ - ۱۷۸۱ء کو ایک انگریز کے ہاتھ سے شہید ہوئے -

یقین

ان کا نام انعام اللہ خاں اور تخلص یقین تھا حضرت مجدد
الف ثانی کی اولاد میں تھے محمد شاہ بادشاہ کے زمانے میں میں تقریباً
۱۱۴۰ھ - ۱۷۲۸ء میں پیدا ہوئے - مرزا یقین مرزا مظہر کے
عزیز ترین شاگرد تھے اور اتنے ذہین تھے کہ ۱۳ یا ۱۴ سال کی عمر سے ہی
کلام میں پختگی پیدا ہو گئی تھی ان کی غزلوں کا ایک مختصر دیوان ہے
لیکن خواجہ میر درد کی طرح ان کی غزلیں بھی انتخاب ہوتی ہے
۱۱۶۹ھ - ۱۷۵۵ء میں اپنے والد مظہر الدین کے ہاتھ سے قتل ہوئے۔

بیان

ان کا نام احسن اللہ اور تخلص بیان تھا ان کے بزرگوں کا
وطن آگرہ تھا لیکن وہ خود دہلی میں پیدا ہوئے اور وہیں پرورش
پائی - یقین کے ہم عصر تھے سن پیدائش ۱۱۴۰ھ - ۱۷۲۷ء کے

قریب ہوگا۔ شاعری میں مرزا مظہر کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا
یقین کی طرح ان کے کلام میں بھی بلاغت ہے فصاحت۔ روانی۔ سلاست
بدرجہ اتم موجود ہے شیفتہ نے ان کے کلام کو دل آویز۔ شیریں اور
رنگین و شور انگیز کہا ہے

میر عبدالحی تاباں

میر عبدالحی نام اور تاباں تخلص تھا غالباً فرخ سیر کے دور میں
۱۱۳۰ھ ۔ ۱۷۱۸ء کے لگ بھگ پیدا ہوئے۔ نہایت حسین و جمیل
تھے اسی لیے لوگ ان کو یوسف ثانی کہتے تھے شاعری میں محمد علی حشمت
کے شاگرد تھے لیکن مظہر اور یقین کا تتبع کرتے تھے کلام
میں حلاوت اور پختگی ہے شراب نوشی نے ان کی صحت
کو تباہ کر دیا اور وہ جوانی میں ہی ۱۱۶۳ھ ۔ ۱۷۵۰ء
میں احمد شاہ کے زمانے میں وفات پا گئے۔

مرزا محمد رفیع سودا

مرزا محمد رفیع متخلص بہ سودا اقلیم سخن وری کے شہنشاہ۔ اردو کے خاقانی و الوری سپہر شاعری کے درخشندہ تارے بلکہ آفتاب اور بقول اپنے حریف اور معاصر خدائے سخن میر کے ریختہ گویوں کے انتخاب تھے۔

ان کے آباؤ اجداد معزز خاندان کے لوگ کابل کے باشندے تھے مرزا صاحب کے والد محمد شفیع ایک تجارت پیشہ بزرگ تھے جو کابل سے ہندوستان آئے اور دہلی میں قیام کیا۔ خاکِ دہلی ہی کو یہ فخر حاصل ہے کہ سر آمد شعرائے ہندوستان مرزا رفیع سودا وہاں پیدا ہوئے۔ تاریخ ولادت ۱۱۲۵ھ ہے

مرزا صاحب کی پرورش اور تعلیم دہلی میں ہوئی۔ آپ کا کلام اس قدر مقبول اور ہر دلعزیز ہوا کہ گھر گھر اور کوچہ بازار تک پھیل گیا۔ مرزا کی زندگی میں ہی ان کا کلام مشہور ہو گیا تھا

اس پر مرزا کو فخر تھا۔ مرزا کا انتقال لکھنؤ میں ۱۱۹۵ھ مطابق
۱۷۸۱ء میں ہوا۔ بہت سے معاصرین اور نیز مابعد کے شاعروں
نے وفات کی تاریخیں کہی ہیں۔ مصحفی ناسخ وغیرہ کی تاریخیں
مشہور ہیں۔

خواجہ میر درد

سید خواجہ میر نام تخلص درد تھا خواجہ محمد ناصر عندلیب
کے خلف الصدق تھے سلسلۂ نسب خواجہ بہاؤ الدین نقشبند سے ملتا ہے۔
ماں کی طرف سے حضرت غوث الاعظمؒ تک پہنچتا ہے۔ خواجہ صاحب
کا سنہ ولادت ۱۱۳۳ھ ہے انہوں نے اپنے ہی والد کی آغوش میں
تحصیل علوم سے فراغت حاصل کی۔ قرآن۔ حدیث۔ تفسیر۔
فقہ اور تصوف میں کامل دستگاہ رکھتے تھے۔ طبیعت میں
آزادی خود داری اور استغنا اس درجہ تھا کہ کسی کی مدح وثنا

سے اپنے قلم کو آلودہ نہیں کیا۔ خواجہ صاحب کو تصنیف و تالیف
کا شوق شروع ہی سے تھا نالۂ درد ۔ آہ سرد ۔ درد دل ۔ شمع محفل ۔
دیوانِ اردو وغیرہ مشہور تصانیف ہیں

خواجہ صاحب کی زبان و عبارت صاف سلیس فصیح ہر
شخص کی سمجھ میں آسانی سے آتی ہے درد واثر کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا
ہے تصوف کو ان سے بہتر کسی نے نہیں کیا عرفان اور تصوف کے
پیچیدہ اور مشکل مضامین اس خوبصورتی اور صفائی سے بیان کیے
ہیں کہ دل وجد کرتا ہے

چھیاسٹھ ۶۶ برس کی عمر میں ۱۱۹۹ھ اور مطابق ۱۷۸۵ء میں
آپ کا انتقال ہو گیا۔

میر تقی میر

شہنشاہ متغزلین میر تقی میر کے والد محمد علی متقی

آگرہ کے ایک تارک الدنیا بزرگ تھے وہیں میر ۱۱۳۵ھ یا ۱۱۳۶ھ میں پیدا ہوئے - انہوں نے اپنے والد کے ایک مرید سید امان اللہ سے قرآن مجید پڑھا اور کچھ ابتدائی تعلیم حاصل کی - ابھی ان کی عمر گیارہ، بارہ سال کی تھی کہ ان کے والد فوت ہو گئے اور گھر کی ذمہ داریاں ان کے سر آ پڑیں - اسی پریشانی میں دہلی کا سفر کیا وہاں اپنے سوتیلے ماموں خانِ آرزو کے مکان پر ٹھہرے - ان کی صحبت سے بہت فیض اٹھایا لیکن پھر ناچاقی ہو گئی - اس کے بعد مختلف رئیسوں کے ساتھ لیکن کہیں چین نہ ملا تو آصف الدولہ کی طلبی پر لکھنؤ چلے گئے لیکن وہاں بھی سکون نصیب نہ ہوا -

آلام و مصائب نے ان کی طبیعت میں جو سوز و گداز پیدا کر دیا تھا وہ ان کی شاعری کا بھی ایک جزو بن گیا - ان کے کلام میں سوز و گداز اور درد و الم کی کیفیتیں بہت شدت سے محسوس ہوتی ہیں ان کی زبان سادہ - سلیس شیریں اور فصیح ہے ان کا اکثر کلام سہل ممتنع

کی حدود میں آتا ہے ان کے کلام کی تاثیر تیر و نشتر کا کام دیتی ہے
آخرکار ایک طویل مدت تک رہین ستم ہائے روزگار رہ کر
۱۲۲۵ء مطابق ۱۸۱۰ء میں انتقال کر گئے

محمد میر سوز

محمد میر سوز ۱۷۲۰ء کے قریب دہلی میں پیدا ہوئے وہیں تعلیم و
تربیت پائی۔ کتابی تعلیم کے علاوہ انہیں تیر اندازی اور گھوڑے کی
سواری میں بھی مہارت حاصل تھی۔ بہترین خوش نویس تھے۔ پہلے
میر تخلص کرتے تھے بعد میں سوز ہو گئے محمد شاہ اور احمد شاہ کے
دور حکومت میں دہلی میں قیام کیا اس کے بعد فرخ آباد چلے گئے۔ ۱۱۹۱ء
۱۷۷۷ء میں فیض آباد اور لکھنؤ چلے گئے۔ لیکن وہاں بھی سکون و
اطمینان کی کوئی صورت نظر نہیں آئی ۱۷۹۷ء میں مرشد آباد
گئے وہاں بھی ناکامی سے دوچار ہوئے مجبوراً پھر لکھنؤ آگئے

سوز نہایت ظریف ـ خندہ رو اور جوہر شناس انسان تھے اس دور کے صفِ اوّل کے شاعروں میں ان کا شمار ہوتا ہے ـ ان کی زبان نہایت صاف ـ سادہ اور بے تکلف ہے صفائی اور محاورہ بندی کا انہیں خاص خیال رہتا ہے کلام میں ہر جگہ بے ساختہ پن دکھائی دیتا ہے ۱۲۱۲ھ ۱۷۹۷ء میں فوت ہو گئے ـ

میر حسن

اردو کی بہترین عشقیہ مثنوی "سحر البیان" کے مصنف میر حسن ۱۱۴۰ھ ۱۷۲۸ء کے لگ بھگ دہلی میں پیدا ہوئے ـ میر حسن ایک قدیم اور مہذب سید خاندان کے چشم و چراغ تھے ـ ان کے گھر میں کئی پشت سے زبان دانی اور شعر و شاعری کا چرچا تھا ـ اس طرح شوقِ شعر ان کو ورثہ میں ملا تھا زبان و بیان کی تمام خوبیاں موجود ہیں اگر چہ ان کی شہرت ان کی مثنوی "بے نظیر و بدر منیر" کی وجہ

سے ہے لیکن غزل میں بھی ان کا مقام کافی بلند ہے ان کے کلام میں

صداقت و اصلیت کی پوری جھلک موجود ہے ان کی زندگی میں بھی مصائب

و آلام سے بھری ہوئی تھی اس لیے کلام میں بھی سوز و گداز۔ کربو حرماں

نصیبی بہت ہے۔ کلام میں سنجیدگی وقار اور گہرائی ہے ۱۲۰۱ھ

۱۷۸۶ء میں رحلت کر گئے۔

سید انشاء اللہ خاں انشاء

سید انشاء اللہ خاں مرشد آباد میں پیدا ہوئے۔ عربی فارسی

اور ہندوستان کی تمام زبانوں سے واقف تھے ان سب زبانوں میں

شعر بھی کہہ لیتے تھے انشاء پہلے دہلی گئے پھر وہاں سے لکھنؤ آئے۔ جہاں

ان کو مرزا سلیمان شکوہ کی مصاحبت مل گئی۔

انشاء کے کلام میں شوخی۔ طراری۔ لطیفہ سنجی۔

ہوس پرستی آورد اور صنعت گری پائی جاتی ہے ان کے کلام کا

جوہر ان کی فکر رسا اور زبان پر پوری قدرت ہے - الفاظ کی تراشش خراشش اور بندشوں کی انوکھی ترکیبیں سینکڑوں پائی جاتی ہیں - ہندی الفاظ - ہندوستانی تلمیحات مقامی رنگ اور مقامی رسم و رواج کی بھی جھلک ان کے کلام میں ملتی ہے

۱۲۳۱ھ ۱۸۱۷ء میں لکھنؤ میں فوت ہوئے -

شیخ غلام ہمدانی مصحفی

غلام ہمدانی نام مصحفی تخلص تھا ۱۱۶۲ھ ۱۷۵۱ء میں امروہہ میں پیدا ہوئے۔ اوائل شباب میں دہلی چلے گئے اور جب وہاں سکون نہ ملا تو لکھنؤ کا رخ کیا اور سلیمان شکوہ کے استاد بن گئے -

مصحفی زود گو اور پُر گو شاعر تھے - پُر گوئی کی وجہ سے ان کے کلام میں ناہمواری اور بے رنگی آگئی لیکن وہ مسلم

عاشقانہ مضامین ہم عصر شعراء سے کم تر نہیں باندھے ہیں - کلام میں معانی اور روانی اور محاوروں میں برجستگی ملتی ہے - معمولی معمولی غلطیوں کا انہوں نے کوئی لحاظ نہ کیا - اور سنجیدہ مضامین پر بھی غور نہیں کر سکے - انہوں نے اپنے کلام کے ذریعے زبان کو سنوارنے کی کوشش کی -

۱۲۲۵ھ ۱۸۱۰ء میں لکھنؤ میں فوت ہوئے -

شیخ امام بخش ناسخ

ناسخ کا سن ولادت ۱۱۸۹ھ ۱۷۷۵ء میں فیض آباد میں پیدا ہوئے - ناسخ کی غزلوں میں پرشکوہ الفاظ اور طرح طرح کی تشبیہات اور تصنع کی بھرمار لیکن جذبات و اثرات کی کمی ہے کہیں کہیں الفاظ کی اس قدر بہتات ہے کہ شعر کا مضمون ہی خبط ہو جاتا ہے - انہوں نے سنگلاخ زمینیں بھی ایجاد کیں - ان کی نازک خیالی اور مضمون آفرینی انہیں کی ذہنی اپج ہے جس میں نہ حقیقت

ہے اور نہ صداقت، اعلیٰ و ادنیٰ دونوں قسم کے جذبات، مذہب
اخلاق اور تصوف کی چاشنی بھی کہیں کہیں مل جاتی ہے۔ ناسخ کو زبان کی
اصلاح میں نمایاں کامیابی ہوئی۔ کیونکہ انہوں نے زبان سے متعلق اصول
کی پورے طور پر خود بھی پابندی کی اور اپنے شاگردوں پر بھی سختی سے
اس پابندی کو عائد کیا۔ اسی عہد میں دبستان لکھنؤ قائم ہوا۔ اور ناسخ
اس کے مدرس اول ہوئے یہی طرز لکھنؤ کے موجد کہے جاتے ہیں۔
۱۲۵۴ھ مطابق ۱۸۳۸ء میں لکھنؤ میں وفات پائی۔

آتش

خواجہ حیدر علی آتش خلف علی بخش دلی کے ایک معزز خاندان
سے تعلق رکھتے تھے ان کے والد نواب شجاع الدولہ کے عہد میں دلی چھوڑ
کر فیض آباد آئے۔ مغل پورہ میں سکونت اختیار کی۔ آتش
کی ولادت فیض آباد میں ہوئی۔ بہت صغیر سن تھے کہ باپ

کا سایہ سر سے اُٹھ گیا۔ اسی وجہ سے تعلیم سے بھی محروم رہے۔ اور
بری صحبت میں بیٹھ کر مزاج میں شوریدہ سری اور بانک پن آ گیا۔
پھر لکھنؤ چلے گئے۔ لکھنؤ میں مصحفی کے شاگرد ہو گئے اور چند روز کی محنت
میں ایسی مشق بہم پہنچائی کہ خود صاحبِ طرز ہو گئے۔ آتش نہایت
سادہ زندگی بسر کرتے تھے۔ تصنع اور تکلف بالکل نہ تھا۔ ناسخ کے معاصر
تھے۔ دونوں میں اکثر نوک جھونک ہوتی رہتی تھی۔ مگر اس کے باوجود
وہ ناسخ کا بہت احترام کرتے تھے۔

۱۲۶۳ھ میں آتش کا انتقال ہوا۔ رشک نے تاریخ لکھی۔

(خواجہ حیدر علی اے وا مردند)

شاہ نصیر الدین نصیر دہلوی

نصیر الدین نام نصیر تخلص تھا اپنے سیاہ رنگ کی وجہ سے میاں کلّو
کے عرف سے مشہور تھے۔ شاہ غریب کے بیٹے دِلّی کے رہنے والے تھے۔

باپ ایک گوشہ نشین فقیر تھے۔ باپ نے نصیر کی تعلیم و تربیت میں پوری کوشش کی مگر نصیر کو سوائے شاعری کے کچھ نہ آیا۔ نصیر کی شاعری کی وجہ سے شاہ عالم کے دربار میں رسائی بھی ہوئی۔ جہاں اُن کی توَر دانی خوب ہوتی تھی۔ شاہ نصیر نے سفر ہیت کے لیے لکھنو اور حیدرآباد متعدد مرتبہ گئے۔ نصیر کا شمار زبان اور زمانہ دونوں کے اعتبار سے طبقۂ متقدمین میں کیا جاسکتا ہے مگر ان کو شہرت شعرائے متوسطین کے زمانہ میں حاصل ہوئی۔ نصیر جب چوتھی مرتبہ حیدرآباد دکن گئے تو چند روز قیام کر کے ۱۲۵۴ھ مطابق ۱۸۴۰ء میں انتقال ہوگیا

میر اثر

سید محمد نام تھا۔ اثر تخلص تھا خواجہ محمد ناصر عندلیب کے بیٹے تھے خواجہ میر درد کے چھوٹے بھائی تھے۔ بھائی کے نقش قدم پر چلتے تھے۔ تصوف۔ موسیقی۔ حساب اور دیگر فنون ریاضیہ میں ان کا

جواب نہ تھا۔

تصنیفات میں ایک دیوان غزلوں کا ہے ایک مثنوی خواب و خیال جو اپنے رنگ کی اردو کی پہلی مثنوی ہے۔

۱۱۸۰ھ میں آپ کا انتقال ہو گیا۔

کرامت علی شہیدی

کرامت علی نام شہیدی تخلص تھا۔ عبد الرسول خاں کے بیٹے تھے۔ بانس بریلی وطن تھا۔ مگر لکھنؤ میں نشو و نما ہوئی۔ مصحفی اور شاہ نصیر سے اصلاح لی۔ شعر و سخن میں ایسی قدرت حاصل تھی۔ کہ زمین کیسی ہی سنگلاخ ہو۔ ایک طرح میں جو غزلہ و پنج غزلہ لکھتے تھے۔ اور کوئی غزل ۲۵ اور ۳۵ شعر سے کم نہ ہوتی تھی۔ پہلے سرکاری ملازمت بھی کی۔ بعد سیر و سیاحت میں زندگی گزاری۔

۱۲۵۵ھ میں حج و زیارت کے ارادہ سے گھر سے نکلے۔ مدینہ منورہ

جا رہے تھے کہ راستہ میں بیمار پڑ گئے۔ ۷ صفر ۱۲۵۶ھ

کو طائرِ روح قفسِ عنصری سے پرواز کر گیا۔

سید محمد خاں رند

سید محمد خاں نام رند تخلص کرتے تھے۔ نواب غیاث الدین

نیشاپوری کے بیٹے تھے جو نواب برہان الملک صوبہ دار اودھ کے

حقیقی بھانجے تھے۔ ۱۱ ربیع الاوّل ۱۲۱۲ھ کو فیض آباد میں

پیدا ہوئے۔ شعر و سخن سے طبعی مناسبت تھی۔ میر شمس خلیق

سے مشقِ سخن کرتے رہے لکھنؤ آکر خواجہ آتش کے شاگرد ہوئے۔

پہلے وفا تخلص تھا۔ خواجہ صاحب نے رند بنا دیا۔ دو دیوان

مرتب کیے۔ ایک دیوان "گلدستۂ عشق" کے نام سے چھپا۔

بمبئی میں سفرِ آخرت کیا۔

عبد الحلیم شاہ صاحب

حضرت عبد الحلیم شاہ صاحبؒ کا وطن مالوف امروہہ ضلع
مراد آباد تھا۔ لیکن آپ سنِ بلوغت میں ہی بسلسلہ ملازمت جے پور
تشریف لے آئے تھے۔ اور وہیں آخر عمر تک سکونت پذیر رہے۔ آپ کے والد
محترم سادات امروہہ میں سے تھے اور اپنے روح پرور مواعظ کی وجہ
سے بڑی شہرت کے مالک تھے۔

بقول آپ کے مریدین کے حضرت عبد الحلیم شاہ صاحب
نے 99 سال عمر پائی۔ اور چونکہ آپ کا وصال ۲۲ ربیع الاوّل ۱۳۵۰ھ
مطابق ۷ اگست ۱۹۳۱ء کو ہوا۔ اس لحاظ سے سالِ ولادت ۱۲۵۱ھ
مطابق ۱۸۳۲ء قرار پاتا ہے۔

شاہ صاحب کی ابتدائی تعلیم اپنے والد ہی کے سایۂ
عاطفت میں ہوئی اور انہیں کے فیضِ صحبت سے آپ نے ظاہری علوم
و تربیت خصوصاً فارسی اور عربی زبانوں پر عبور حاصل کیا۔ اور

بعد میں استعداد علمی کے آفتاب بن کر چمکے۔ آپ کا زیادہ وقت
ذکر و اذکار اور عبادتِ الٰہی میں بسر ہونے لگے۔ دنیوی مشاغل کی بہ
نسبت یکسوئی اور عزلت زیادہ مرغوب خاطر رہنے لگی۔ آپ کی شخصیت
ہر محفل اور ہر مجلس میں منفرد اور سب سے نمایاں ہوتی تھی۔ آپ
نے تمام عمر ایک گونہ بے تعلقی سے بسر کی۔

شاہ صاحب بھورے شاہ صاحب کے تکیے بیرون گھاٹ
دروازہ (اجمیری) میں مدفون ہوئے۔

شیخ محمد ابراہیم ذوقؔ

ذوقؔ تخلص تھا شیخ محمد ابراہیم نام تھا ذوقؔ ۱۲۰۴ھ مطابق
۱۷۸۹ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم حافظ غلام رسول
سے حاصل کی اور شعر و شاعری کا ذوق انہیں کے فیضِ صحبت سے
ہوا۔ رفتہ رفتہ ظفرؔ کی استادی کا بھی شرف حاصل کیا۔ ذوقؔ کے

کلام میں جذبات کی ترتیب اور الفاظ و محاورات تشبیہات و
استعارات اور صنائع و بدائع کے برمحل اور مناسب استعمال
سے بے ساختگی اور برجستگی پیدا ہوگئی ہے ان کے اشعار میں بعض
عربی فقرے اور محاورے بلا تکلف نظم ہوئے ہیں ان کے یہاں صفائی
عام فہمی کے ساتھ [illegible] بھی پائی جاتی ہے۔ ان کا اسلوب
زیادہ دلفریب و دیدہ زیب ہے وہ لفظوں کی نشست اور
بندشوں کی چستی کو بار بار غور کر کے درست کرتے رہتے تھے۔
انداز بیان اور طرز اظہار کا ان کو بادشاہ مانا گیا ہے۔
۱۲۷۰ھ ۱۸۵۴ء میں اس دار فانی سے کوچ کیا۔

حکیم مومن خاں مومن

مومن خاں نام مومن تخلص تھا۔ مومن ۱۲۱۹ھ مطابق
۱۸۰۰ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم شاہ عبدالقادر دہلوی

سے اور علمِ طب اپنے عم محترم غلام حیدر خاں سے حاصل کیا۔ علمِ نجوم رمل اور ریاضی سے بھی واقف تھے۔ شعر و شاعری سے بچپن ہی سے مناسبت تھی۔ مومن نازک خیال شاعر تھے اسی نازک خیالی کی وجہ سے ان کے یہاں طنز زیادہ ملتا ہے۔ مومن اپنی جذبات نگاری معنی آفرینی، نازک خیالی اور بلند پروازی ہی کے لیے شہرہ آفاق ہوئے۔ ان کی غزلوں میں سماجی قدریں، تہذیبی معیار توازن اور ہم آہنگی کی فضا پائی جاتی ہے۔

۱۲۶۸ھ مطابق ۱۸۵۲ء میں کوٹھے سے گرنے کے سبب اس دارِ فانی سے رحلت فرما گئے۔

مولوی محمد محسن

محمد محسن نام محمد محسن نام اور محسن تخلص تھا۔ مولوی حسن بخش خلف مولوی حسین بخش علوی کاکوروی کے بیٹے تھے ۱۲۴۲ھ میں

بمقام کاکوروی پیدا ہوئے۔ مولوی عبد الرحیم سے تحصیل علم کی۔
مین پوری میں چند روز عہدۂ نظارت پر کام کیا اور وہیں سے وکالت
ہائی کورٹ کا امتحان دے کر کامیابی حاصل کی۔
غدر تک آگرہ میں رہے ۱۲۸۸ھ میں نعتیہ قصیدہ "گلدستۂ کلامِ رحمت"
لکھا۔ سراپائے رسولِ اکرمؐ ۱۲۹۷ھ میں تصنیف کی۔ پھر ۱۲۸۹ھ میں
"صبح تجلی" لکھی۔ اور بھی کئی چھوٹی چھوٹی مثنویاں لکھیں۔
۱۳۰۱ھ میں مشہور مثنوی چراغِ کعبہ لکھی۔ ۱۸ صفر ۱۳۲۳ھ
کو اس عالمِ فانی سے عالمِ جاودانی کو رحلت کی۔

میر انیس

میر ببر علی انیس ۱۲۱۶ھ یا ۱۲۱۷ھ میں بمقام فیض آباد
محلۂ گلاب باڑی میں پیدا ہوئے۔ بعد میں مستقل سکونت لکھنؤ
میں اختیار کر لی۔ ابتدائی کتابیں مولوی حیدر علی صاحب سے اور

صدرا مفتی میر عباس صاحب سے پڑھی تھی - فنونِ سپہ گری

میر کاظم علی اور ان کے بیٹے میر امیر علی سے حاصل کیے - فنِ

شہسواری سے بھی واقف تھے حسنِ تناسب کے ایسے عاشق تھے کہ

خواہ وہ انسان میں ہو یا کسی دوسری شے میں اس کی دل سے قدر

کرتے تھے وضعدار بھی بہت بڑے تھے -

میر انیس لکھنؤ سے تا انتزاعِ سلطنت کبھی باہر نہیں

نکلے - جب کبھی باہر جانے کا ارادہ ہوتا تو فرماتے کہ اس کلام کو اسی

شہر کے لوگ خوب سمجھ سکتے ہیں - اور کوئی اس کی قدر کیا کرے گا

لیکن تباہی لکھنؤ کے بعد پہلی مرتبہ ۱۸۶۰ء میں نواب قاسم علی خاں

کی طلب اور اصرار سے پٹنہ عظیم آباد تشریف لے گئے اور

واپسی میں بنارس بھی ٹھہرے تھے - ۱۸۷۱ء میں دکن میں بھی

قیام کیا - سب مقامات پر اپنے معرکتہ الآرا مرثیوں سے

لوگوں کو مستفیض کیا - ۱۲۹۱ھ ۱۸۷۴ء میں انتقال ہو گیا -

نظیر اکبر آبادی

نظیر ۱۱۴۸ھ مطابق ۱۷۳۵ء میں بمقام آگرہ پیدا ہوئے۔ پھر آگرہ سے دہلی آگئے۔ شاعری میں پرانی روش کو ترک کرکے نئی روش اختیار کی۔ آپ کی پوری شاعری میں عوامی زبان نمایاں ہے اسی کے سبب آج اُن کی عظمت ہر ایک کے دل میں ہے۔ گو کہ اس وقت کے تذکرہ نگاروں نے انہیں شاعر ہی تسلیم نہیں کیا۔

۱۸۳۰ء میں انتقال ہوگیا۔

منیر شکوہ آبادی

سید اسمٰعیل حسین نام منیر تخلص تھا۔ والد کا نام احمد حسین تھا آپ کا وطن شکوہ آباد تھا زیادہ عرصہ لکھنؤ میں رہے وہیں تعلیم و تربیت پائی۔ پہلے ناسخ سے

پھر اشک سے اصلاح لینے لگے۔ نواب علی اصغر خاں اور
نواب سید محمد ذکی کے مصاحب رہے۔ بڑے پُرگو شاعر تھے
مرثیہ بھی کہتے تھے تنویر الاشعار اور دوسرے دیوان یادگار
چھوڑے۔

۱۸۸۱ء میں آپ کا انتقال ہوا۔

امجد حیدرآبادی

سید امجد حسین امجد ۱۸۸۶ء میں حیدرآباد دکن میں پیدا
ہوئے۔ آپ کے والد ایک بہت بڑے بزرگ تھے۔ اس لیے امجد
کی تربیت بھی اسی طرح ہوئی۔ عربی فارسی بھی کچھ علمائے سے پڑھی۔
تکمیل تعلیم کے بعد دارالعلوم مدراس میں مدرس ہو گئے۔
اس کے بعد وظیفہ حاصل کر کے حیدرآباد چلے گئے۔ یہاں آکر
اپنی شعری و ادبی تخلیقات منظر عام پر لائے۔ کئی کتابیں

لکھیں اور نظم میں بھی کئی مجموعے ہیں۔ آپ کا ابھی حال ہی

میں انتقال ہوا ہے۔

سید احمد علی

سید احمد علی نام تخلص صفی علی غیر معروف شاعر ہیں

حضرت مخدوم علاؤالدین علی احمد صابر قدس سرہ کے خلیفہ تھے۔

اور حضرت شاہ ابوالمعالی کی درگاہ کے سجادہ نشین تھے۔

قصبہ ابیٹہ ضلع سہارنپور کے رہنے والے تھے شعر و سخن سے

خاص ذوق رکھتے تھے۔ ایک دیوان ۱۸۷۷ء میں لکھنؤ

سے شائع ہوا۔

امیر مینائی

منشی امیر احمد نام امیر تخلص ۱۲۴۴ھ مطابق ۱۸۲۸ء میں
لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔ امیر حضرت مخدوم شاہ مینا کے خاندان
سے تھے اسی لیے مینائی کہلاتے ہیں درسی کتابیں مفتی سعد اللہ مرحوم
اور اُن کے ہم عصر علمائے فرنگی محل سے پڑھیں۔ عربی و فارسی میں
بھی دستگاہ کامل حاصل کر لی تھی۔ منکسر المزاج - زاہد - متقی اور
صوفی مشرب بزرگ تھے۔ شعر و سخن کا شوق بچپن ہی سے تھا۔

نواب یوسف علی خاں والئ ریاست رام پور کے طلب کرنے پر رام پور
چلے گئے۔ جہاں اُن کی شاعری نقطۂ عروج کو پہنچی - ان کو زبان و بیان
پر قدرت حاصل تھی۔ ان کی شاعری میں زبان و بیان کا ستھرا پن
اور نکھار پایا جاتا ہے - ان کے کلام میں فصاحت و بلاغت - روانی
و سلاست - اعلیٰ خیالات - توازن الفاظ و ایجاز شگفتگی - نزاکت خیال -
بلند پروازی اور شیرینی پائی جاتی ہے ۱۲۱۸ھ ۱۹۰۰ء میں دکن میں انتقال کیا۔

نواب مرزا داغ دہلوی

داغ ۱۲۴۷ھ ۱۸۳۱ء میں دلی میں پیدا ہوئے۔ لال قلعہ میں تعلیم و تربیت پائی اور وہیں شعر و سخن سے دلچسپی پیدا ہوئی۔ استاد ذوق کے شاگرد ہوئے۔ فارسی اور عربی سے واقف تھے۔ جب ۱۸۵۷ء کا عالم آشوب ہنگامہ ہوا تو مع اہل خاندان رام پور چلے گئے۔ پھر بعد میں حیدر آباد دکن چلے گئے۔

داغ اپنے دور کے مسلم الثبوت استاد تھے۔ داغ کی زبان میں فصاحت و سادگی اور بیان میں چاشنی۔ چٹخارہ شوخی اور بانکپن ہے ان کا کلام تصنع اور تکلف سے خالی ہے۔ داغ کے اشعار بالکل بنے تلے زور دار اور موثر ہیں۔ داغ کے یہاں محاوروں کی کثرت ہے۔

۱۳۲۳ھ مطابق ۱۹۰۵ء میں آپ کا انتقال حیدر آباد دکن میں ہوا۔

خواجہ الطاف حسین حالی

خواجہ الطاف حسین نام اور حالی تخلص تھا۔ ۱۲۵۳ھ مطابق ۱۸۳۷ء میں پانی پت میں پیدا ہوئے۔ آپ کو علم حاصل کرنے کا بہت شوق تھا۔ جوانی میں دہلی آکر مرزا غالب کے شاگردوں میں شامل ہوئے۔ نواب مصطفیٰ خان شیفتہ کی صحبت بھی حالی کو ملی۔ یہ صحبت ان کی طبیعت میں ادبی جلا پیدا کرنے کے لیے بہت مفید ثابت ہوئی۔

جب سرسید نے تحریک شروع کی۔ حالی اس میں بھی شامل ہوئے۔ اسی تحریک کے ذریعے انہوں نے قدیم شاعری کا رخ بدلا اور "مسدس حالی" لکھ کر اردو شاعری میں ایک حیرت انگیز انقلاب پیدا کر دیا۔

۱۹۰۴ء میں انہیں شمس العلماء کا خطاب ملا۔ حالی بڑے نیک نفس اور پاک طینت بزرگ تھے۔ مسلمانوں کو بیدار کرنے کے لیے انہوں نے اپنی زندگی وقف کر دی۔ دسمبر ۱۹۱۴ء کو پانی پت میں انتقال فرمایا۔

مولانا شبلی نعمانی

شبلی ضلع اعظم گڑھ کے ایک گاؤں بندول میں ۱۸۵۷ء میں پیدا ہوئے۔ ان کے والد شیخ حبیب اللہ ایک نامی گرامی وکیل اور تاجر تھے بچپن بہت ناز و نعم میں گزرا۔ ابتدائی تعلیم مولوی شکر اللہ سے حاصل کی۔ غازی پور جاکر مولانا محمد فاروق چریا کوٹی سے علم حاصل کیا۔

مولانا فاروق کی تعلیم کا شبلی پر خاص اثر ہوا۔ ۱۸۸۳ء میں علی گڑھ کالج میں کام کرنا شروع کر دیا۔ یہاں سر سید کی صحبت میں ان پر جدید رنگ چڑھنا شروع ہوا۔ سر سید کی وفات کے بعد پھر اعظم گڑھ آگئے اور ندوہ سے دلچسپی زیادہ ہو گئی۔ ۱۹۱۲ء میں اس سے بھی دستکش ہو گئے۔

شبلی سیمابی شخصیت کے مالک تھے۔ اس لیے انہیں ایک جگہ قرار نہ تھا۔ ان کی زبان دانی اور ان کے تبحر علمی کا ہر شخص معترف ہے دار المصنفین کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا۔ آخر زمانے میں سیرۃ النبی مرتب کر رہے تھے اسے نامکمل چھوڑ کر نومبر ۱۹۱۴ء میں وفات پائی۔

اکبر الہ آبادی

سید اکبر حسین نام اکبر تخلص تھا۔ ۱۶ نومبر ۱۸۴۶ء تاریخ ولادت ہے ابتدائی تعلیم مدارس اور سرکاری اسکولوں میں پائی۔ اکبر اپنے زمانے کی ایک بہت بڑی ہستی تھے۔ انہوں نے ایک نئے طرز کی بنا ڈالی۔ جس کے وہ خود ہی موجد اور خود ہی خاتم ہیں۔ اور اس طرز خاص میں ان کی نقل بالکل محال ہے ان کا سب سے بڑا کمال یہ ہے کہ یہ ایک بے مثل شاعر ہونے کے علاوہ ناصح قوم اور بلند پایہ صوفی بھی تھے۔ ادب سوسائٹی اور حکومت کے زبردست نقاد تھے۔ مذاق و ظرافت میں بھی یکتائے روزگار تھے۔ طبعاً نہایت خلیق اور منکسر المزاج تھے اکبر فطری شاعر تھے۔ ایک عرصہ تک وکالت کے پیشے میں رہے۔ ۱۸۹۴ء میں عدالت خفیہ کے جج مقرر ہوئے۔ اس کے بعد خان بہادر کا خطاب گورنمنٹ سے حاصل کر کے ملازمت سے کنارہ کش ہو گئے۔ الہ آباد یونیورسٹی کے فیلو تھے۔ ستمبر ۱۹۲۱ء میں انتقال فرمایا۔

علامہ اقبالؒ

اقبالؔ کی پیدائش سیالکوٹ میں ہوئی۔ آپ کا سالِ ولادت ۱۸۷۰ء ہے۔ ابتدائی تعلیم سیالکوٹ میں حاصل کی۔ اُس کے بعد لاہور مزید تعلیم کے لیے چلے گئے۔ ۱۹۰۵ء میں اعلیٰ تعلیم کے لیے انگلینڈ گئے۔ فلسفی میں ڈاکٹریٹ کی ڈگری لی۔ ۱۹۰۸ء میں بیرسٹری کا امتحان بھی پاس کر لیا۔

اقبالؔ نے اردو شاعری میں نہ صرف خیالات کا اضافہ کیا ہے۔ بلکہ نئی اور نادر تشبیہات سے بھی مالا مال کیا۔ اقبالؔ کی شاعری تین ادوار میں تقسیم ہے۔ پہلا دور جس میں آپ کی شاعری پر داغؔ کا رنگ جھلکتا ہے دوسرے دور میں آپ کی تمام نظموں پر حب الوطنی کا جذبہ نمایاں ہے۔ تیسرا دور جو کہ مکمل دور ہے۔ آپ نے اپنے کلام میں فلسفیانہ خیالات کو اس طرح سمو دیا ہے کہ وہ شاعری کا ایک جزو محسوس ہوتے ہیں۔ ۱۹۳۸ء میں اردو کے اس مایہ ناز شاعر کا انتقال ہو گیا۔

حسرت موہانی

سید فضل حسین نام اور حسرت تخلص تھا۔ ۱۸۷۵ء میں
قصبہ موہان میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم گھر پر ہوئی۔ لیکن علم و ادب
کی آخری منزل کے لیے علی گڑھ میں قیام کرنا پڑا۔ آپ لکھنؤ کے مشہور شاعر
تسلیم کے شاگرد تھے حسرت کو قدیم استادوں کے کلام سے فطری شغف تھا۔
آپ کی ادبی زندگی کا آغاز علی گڑھ میں بی۔ اے کرنے کے بعد ہوا۔ ایک
رسالہ "اردو معلیٰ" جاری کیا۔ سیاسی دلچسپی بھی کالج کے زمانے میں شروع
ہو گئی تھی۔ ۱۹۴۷ء تک کئی بار جیل گئے۔ جیل میں بھی برابر مشق سخن جاری
رکھی۔ آپ نے اپنے اشعار میں درد و اثر کے ساتھ پاکیزگئ خیال کا
زیادہ لحاظ رکھا ہے۔ حسرت نے ابتذال اور مکروہات کو اپنی شاعری کے
بالکل قریب نہیں آنے دیا۔ حسرت بڑے زندہ دل انسان تھے۔ ان کے
مزاج میں قناعت اور سادگی کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ ان کا
انتقال ۱۳ مئی ۱۹۵۱ء کو ۷۵ برس کی عمر میں لکھنؤ میں ہوا۔

مولانا ظفر علی خان

مولانا ظفر علی خان ۱۸۷۳ء میں موضع کوٹ مرتھ ضلع سیالکوٹ
میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم مشن اسکول وزیرآباد میں پائی۔ پھر
علی گڑھ چلے گئے۔ یہاں سے بی۔ اے کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد
نواب محسن الملک مرحوم کے سیکرٹری مقرر ہو گئے۔ اس کے بعد
حیدرآباد چلے گئے۔ اور ایک مترجم کی حیثیت سے کام شروع کیا۔
اور ترقی کرتے کرتے اسسٹنٹ سیکرٹری ہوم ڈیپارٹمنٹ کے عہدے
تک پہنچے۔ حیدرآباد سے قطع تعلق کے بعد آپ نے لاہور سے
روزنامہ "زمیندار" جاری کیا۔ جو اب تک کامیابی سے
جاری ہے۔

مولانا کی زندگی کا بیشتر حصہ سیاسیات میں گزرا۔
آپ بہت بڑے شاعر زبردست مقرر اور بلا کے انشاء پرداز
ہیں آپ کی تحریر میں زور اور روانی ہے۔ ۱۹۵۶ء میں آپ کا انتقال ہوا۔

مولانا سید سلیمان ندوی

سید سلیمان ندوی ۱۸۸۴ء میں پٹنہ میں پیدا ہوئے۔ والد
کا نام حکیم ابو اسحاق تھا۔ ابتدائی تعلیم گھر سے حاصل کرنے کے بعد
دار العلوم ندوہ میں داخل ہو گئے۔ ۱۹۰۶ء میں آپ ماہ نامہ "ندوہ"
کے ایڈیٹر مقرر ہوئے۔ اور پھر پٹنہ کالج میں عربی اور فارسی کے
معلم مقرر ہوئے۔ دوسری جنگ عظیم کے دوران برطانیہ گئے۔ پھر
حجاز میں اسلامی کانفرنس میں شرکت کی۔ ۱۹۱۴ء میں دار المصنفین
اعظم گڑھ کی بنیاد رکھی اور ایک ماہ نامہ جاری کیا۔

۱۹۴۱ء میں علی گڑھ یونیورسٹی کی جانب سے ڈی۔لٹ کی
اعزازی ڈگری ملی۔ تقسیم ہند و پاک کے بعد کراچی میں مقیم ہو گئے۔ آپ
کا سب سے بڑا کارنامہ "سیرۃ النبی" کی تکمیل ہے۔ جسے آپ کے
استاد مولانا شبلی نامکمل چھوڑ کر وفات پا گئے۔ ۲ نومبر ۱۹۵۳ء
کو کراچی میں وفات پائی۔

حفیظ جالندھری

۱۹۰۰ء میں حفیظ جالندھر میں پیدا ہوئے۔ بہت قلیل عرصہ میں اپنی شاعری کا سکہ ملک میں رواں کر دیا۔ شاہنامہ اسلام لکھ کر ایک خاص شہرت کے مالک ہو گئے۔ حفیظ نے اس میں اپنے مذہبی جذبات سے متاثر ہو کر اسلام کی گذشتہ عظمت و خدمات کو از سر نو دنیا کے سامنے پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ جس میں شاعرانہ حیثیت سے بڑی حد تک کامیاب بھی ہوئے ہیں۔ تمام کلام میں شعریت نمایاں ہے اسلامی جوش جابجا ذور و فخر کی لہر دوڑا دیتا ہے۔ جس سے کلام میں ایک عظمت و دلکشی پیدا ہو جاتی ہے۔ شاہنامہ اسلام کے علاوہ ان کی نظموں کے اور مجموعے بھی شائع ہو چکے ہیں

حفیظ کی غزلوں کی زبان نہایت نرم اور صاف ہے۔ حفیظ کے گیت بھی بڑے موثر ہیں۔ "ٹوٹی ہوئی کشتی کا ملاح" "شہسوار کربلا" تین نغمے ایسی نظمیں ہیں۔ جن کو پڑھ کر حفیظ کی صلاحیتوں کا قائل ہونا پڑتا ہے۔

ذھین شاہ تاجی

نام محمد طاسین ہے خود ہی فرماتے ہیں " پہلے طاسین تخلص کرتا تھا۔ والد مہربان نے پہلے پہل میرا کلام دیکھا تو تعریف کی۔ اور فرمایا تم ذھین ہو۔ یہی تمہارا تخلص ہے

کہتے ہیں دکوئی ۶۵ سال پہلے میں ایک نومولود کی حیثیت سے دنیا میں آیا۔ سات سال کی عمر میں قرآن پاک ختم کیا۔ اور ۱۲ برس کی عمر تک فارسی کی معروف و متداول کتابیں پڑھیں۔ نو سال کی عمر میں شعر کہنا شروع کر دیا۔ والد بزرگوار بھی اردو فارسی اور عربی میں بہت اچھے اشعار کہتے تھے۔

ذھین کے کلام میں شوکتِ الفاظ فارسی تراکیب۔ تشبیہات و استعارات کا اہتمام مبالغے کے ساتھ کرتے ہیں۔ اور اپنی شاعری میں حقائق کو لباسِ مجاز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ آیاتِ جمال اردو کلام ہے۔

مولانا ماہر القادری

منظور حسین تاریخی نام ہے جس کے حساب سے ۱۳۲۴ھ تاریخ پیدائش
ہے مولد و منشاء کیسیر کلاں ضلع بلند شہر یو۔پی ہے۔ والد بھی
شاعر تھے۔ مگر ان سے اصلاح نہیں لی۔ ۱۹۲۶ء میں مسلم یونیورسٹی
علی گڑھ سے میٹرک کا امتحان پاس کیا۔ پھر بیشتر ادبی کتابوں کا
مطالعہ کیا۔ دو سال عربی ادب بھی پڑھا۔ ۱۹۲۹ء سے ۱۹۴۳ء تک
حیدرآباد دکن میں قیام کیا۔ ۱۹۴۳ء میں عراق کا سفر کیا۔
شاہ غازی الاول سے ملاقات کی۔ ۱۹۵۴ء میں زیارتِ حرمین شریفین
کی۔ ۱۹۳۳ء میں روزنامہ "مدینہ" کے ادارتی عملہ سے بھی وابستگی
رہی اور رسالہ غنچہ کی ایڈیٹری بھی کی۔ ۱۹۴۹ء میں ماہنامہ
"فاران" نکالا۔ جو اب تک کامیابی سے شائع ہو رہا ہے۔
مشاعروں کے سلسلے میں پورے پاک و ہند کا سفر کیا۔ نام نہاد
ترقی پسند شعر و ادب کے خلاف ۳۰ سال سے زبان و قلم کے ذریعہ مسلسل جہاد کر رہے
ہیں۔

عبدالعزیز خالد

عبدالعزیز خالد ۱۴ جنوری ۱۹۲۷ء کو جالندھر ضلع کے
گاؤں پرجیاں کلاں میں پیدا ہوئے۔ قریبی قصبے کے ہائی اسکول سے ۱۹۴۴ء
میں میٹرک کیا۔ اور فوراً لاہور آگئے۔ جہاں ۱۹۵۰ء میں معاشیات
میں ایم۔اے کرلیا۔ اسی سال کراچی آکر انکم ٹیکس کے محکمے میں ملازم
ہوگئے۔ اب سنٹرل بورڈ ریوینو میں ڈپٹی ڈائرکٹر ہیں۔
پانچویں جماعت سے شعر کہنا شروع کر دیا۔ اسی زمانے کا مصرع
ہے یہ مصرع۔ گناہوں سے مبرا ہو جوانی ہو نہیں سکتا
لیکن بعد میں ان کے کلام پر عربی کا اثر ہوتا گیا۔ عبدالعزیز بڑے پرگو
ہیں۔ اب تک سولہ مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ ۱۹۶۵ء میں۔ فارقلیط۔
پر آدم جی انعام ملا۔ اور تصانیف یہ ہیں۔ دشت شام۔ کف دریا۔
گل نغمہ۔ زنجیر رم آہو۔ لحن صریر۔ کلک موج۔ ورق ناخواندہ۔ سلوی۔
سرود رفتہ۔ منحمنا۔ برگ خزاں۔ مزمور میر مغنی وغیرہ ہیں۔

تلمیحات

تلمیحات سے کیا مراد ہے ؟

زبان کے ابتدائی دور میں چھوٹے چھوٹے سادہ خیالات اور معمولی چیزوں کے
بتانے کے لیے الفاظ بنائے گئے تھے رفتہ رفتہ انسان نے ترقی کا قدم اور آگے بڑھایا
جب قصّوں اور واقعات و حالات کی طرف خاص خاص لفظوں کے ذریعہ سے
اشارے ہونے لگے جہاں وہ الفاظ زبان پر آئے فوراً وہ قصّے یا واقعے آنکھوں
کے سامنے آگئے۔ جن کی طرف وہ اشارہ کرتے تھے۔ ایسا ہر اشارہ تلمیح کہلاتا ہے۔

دنیا میں جو زبانیں ترقی یافتہ ہیں ان میں تلمیحیں کثرت سے ہیں
طویل قصّوں اور کہانیوں علمی مسئلوں اور اصولوں کے بار بار بیان کرنے میں جو وقت
ضائع کرنا پڑتا ہے اس سے ان تلمیحوں نے بچا دیا ہے۔ تلمیح اُس وقت کی ایجاد
ہے جبکہ انسانی عقل کی ترقی کے ساتھ زبان بھی ترقی کی بلندی پر پہنچ گئی تھی۔

طوفانِ نوح کہتے ہی وہ تمام طوفانی واقعات آنکھوں کے سامنے
آجاتے ہیں جو حضرت نوحؑ کے زمانے میں پیش آئے تھے صورِ اسرافیل کا لفظ
زبان پر لاتے ہی وہ تمام ہیبت انگیز واقعات دل میں پھرنے لگتے ہیں

جو آغاز قیامت کے وقت پیش آئیں گے ان میں سے پہلا اشارہ گزرے ہوئے واقعات کے ایک خوفناک منظر کو یاد دلاتا ہے دوسرا اشارہ آنے والے واقعات کے پرہول نظارہ کو آنکھوں کے سامنے لاتا ہے۔

بلاغت کے معنی یہ ہیں کہ کم سے کم الفاظ سے زیادہ سے زیادہ معنی ہم ہیں سمجھے کمائیں کم یہ بات جس قدر تلمیحات میں پائی جاتی ہے الفاظ کی دیگر اقسام میں نہیں پائی جاتی۔ جس زبان میں تلمیحات کم ہیں یا بالکل نہیں ہیں وہ بلاغت کے درجے سے گری ہوئی ہے۔

تلمیحات سے ہم کیا جان سکتے ہیں ؟

اگر کسی زبان کی تلمیحات کا بغور مطالعہ کیا جائے تو ان سے اس زبان کے بولنے والوں کے گزشتہ واقعات اور تاریخ پر روشنی پڑتی ہے ان کے مذہبی عقاید ان کے اوہام ، ان کے معاشری حالات اور ان کی رسوم اور مشاغل معلوم ہوتے ہیں۔ کسی قوم نے جس طرح تمدنی منزلیں رفتہ رفتہ طے کی ہیں اور جو تبدیلیاں اُن کی زندگی میں یکے بعد دیگرے ہوتی رہی ہیں اُن کی زبان کی

تلمیحات کے مطالعہ سے سب نظر کے سامنے آجاتی ہیں -

تلمیحات کے ماخذ: —

تلمیحیں کہاں سے لی جاتی ہیں اگر ہم اس پر غور کریں تو حسب ذیل ماخذ معلوم ہوں گے -

① مائتھالوجی (دیو مالا) یعنی دیوتاؤں کے قصے کہانیاں —

② مذہبی قصے مذہبی عقائد کی کتابیں -

③ تاریخی واقعات -

④ عام فرضی قصے اور افسانے -

⑤ شعراء کی نظمیں خاص کر وہ نظمیں جن میں قصے بیان کیے گئے ہیں -

⑥ ڈراما یا ناٹک کی کتابیں -

اردو زبان کی تلمیحات —

اردو زبان کی تلمیحات کو ہم دو حصوں میں تقسیم کرتے ہیں —

(اوّل) ادبی تلمیحات - یعنی وہ تلمیحات جو اردو نثر و نظم
میں مستعمل ہیں —

(دوم) عام تلمیحات — یعنی وہ تلمیحات جو عام طور سے بول
چال میں داخل ہیں —

اردو زبان کی ادبی تلمیحات کہاں سے آئیں اس کا پتہ چلانے کے
لیے اس بات پر غور کرنا چاہیے کہ جب اسلام نے عرب سے نکل کر گرد و پیش
کے ملکوں کو فتح کیا تھا تو انہیں میں سے ایک ملک ایران تھا جب
فاتحین کے حملوں سے ایران کو سر اٹھانے اور ہوش سنبھالنے کا موقع
ملا تو ایرانیوں نے اپنے مٹے ہوئے ادب کو زندہ کرنا چاہا —
تمام ایران مذہب اسلام قبول کر چکا تھا آتش پرستی نابید ہو چکی
تھی اس لیے ایران کے جدید ادب میں عربی کی مذہبی روح دوڑنے
لگی . ایران کے جغرافیہ و تاریخ اور عرب کی مذہبیت نے مل
کر ایک نیا ادب پیدا کیا - جس کو نہ ہم خالص ایرانی ادب

کہہ سکتے ہیں نہ عربی ادب۔ یہی جدید ایرانی ادب جو نہ عربی ادب ہے نہ ایرانی ادب بلکہ ایک نئے نام غیر ایرانی کہلانے کا مستحق ہے۔

مغلوں نے ہندوستان پر حکومت کی ان کی زبان فارسی تھی ان زبانوں میں بھی یہی غیر ایرانی ادب جاری تھا۔ جب فارسی شاعری کو چھوڑ کر یہاں کے شعرائے اردو زبان میں طبع آزمائی شروع کی تو قدرتی طور سے اسی غیر ایرانی ادب سے آئیں ان تلمیحات کی بھی دو قسمیں ہیں۔

(اوّل) وہ تلمیحات جو عربی اثر سے داخل ہوئیں۔

(دوّم) وہ تلمیحات جن میں خالص ایرانی اثر ہے۔

اردو ادبی تلمیحات۔

قسم اوّل —

ادبی تلمیحات کی قسم اوّل میں سب سے پہلے انبیاء کے متعلق عربی تلمیحات ہیں جن کو تمام اہل اسلام عظمت کی

نگاہ سے دیکھتے ہیں اور وہ حسب ذیل ہیں ۔

آدم کی پیدائش :۔

اللہ تعالےٰ نے حضرت آدم کو دنیا میں بھیج کر یہاں اپنا خلیفہ اور نائب مقرر کرنے کا ارادہ کیا فرشتوں نے کہا کہ آدم دنیا میں فساد کا باعث ہوگا۔ یہ حق تو فرشتوں کو پہنچتا ہے کہ وہ نافرمان نہیں اور ہر وقت خدا کی حمد و ثنا میں مصروف رہتے ہیں اللہ تعالےٰ نے فرمایا جو میں جانتا ہوں تم نہیں جانتے ۔

اس کے خدا آدم کو بنایا اور ان تمام روحوں کو جو دنیا میں قیامت تک پیدا ہونے والی تھیں بلا یا اور اُن سے پوچھا۔ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۔ (کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں) روحوں نے جواب دیا ۔ قَالُوْا بَلٰی ۔ (بے شک تو ہمارا رب ہے) یہ تمام روحوں کا اپنے رب سے وعدہ تھا کہ وہ ہر حال میں اس کی فرماں بردار رہیں گی اس وعدے کو تکمیل کے

طور پر استعمال کیا جاتا ہے چنانچہ الست، عہدِ الست، تارِ الست، روزِ الست، مستِ الست، قالو بلیٰ اور بلیٰ وغیرہ ادب اور شاعری میں مستعمل ہے۔

آدم کو بہشت میں رہنے کے لیے بھیجا گیا اور اُن کی فرمائش پر رفاقت کی خاطر حضرت حوّا پیدا کی گئیں۔ انہیں جنت کی تمام نعمتوں سے منفعت یاب ہونے کی اجازت تھی سوائے گیہوں کے پودے کے۔ جسے تلمیح میں شجرِ ممنوعہ اور میوۂ ممنوعہ کہا جاتا ہے۔ شیطان کے ایما پر سانپ اور مور نے آدم کو گیہوں کھلا دیا۔ چنانچہ شیطان کی تلمیح کے ساتھ سانپ اور مور کا ذکر بھی آجاتا ہے۔

آدم کے بیٹوں میں ہابیل اور قابیل کا ذکر کشت و خون کے سلسلے میں تلمیح کے طور پر آتا ہے۔ شیطان بھی تلمیح سے معتوب قرار پانے سے پہلے اس کا شمار بزرگ فرشتوں میں تھا اور معلّم الملکوت بھی تھا نافرمانی کی سزا کی وجہ سے اُسے ہمیشہ

کے لیے شیطان کے طور پر آزاد کر دیا گیا۔

حضرت لوطؑ کا ذکر بھی تلمیحاً آتا ہے جن کی بیوی کافر تھی۔
ان کی قوم پر عذاب آیا آگ اور پتھر برسائے گئے۔

حضرت زکریا کو آرے سے کاٹا گیا کسی واقعہ میں ایسی مشابہت
پر اس تلمیح کا ذکر بھی آ جاتا ہے۔

حضرت نوحؑ نے عمر دراز پائی۔ اس کی تلمیح میں عمرِ نوح کا
لفظ آتا ہے کنعان کی تلمیح میں جو حضرت نوح کا ناخلف بیٹا تھا فرزندِ نوح
اور پسرِ نوح کے الفاظ آتے ہیں۔ آدم کے بعد حضرت نوح سے
دوبارہ نسلِ انسانی چلی اس لیے ان کو آدمِ ثانی کہتے ہیں۔ حضرت نوحؑ
نے اپنی نافرمان قوم کے لیے بد دعا کی۔ خدا نے پانی کا طوفان بھیجا۔
حضرت نوحؑ نے اپنی نافرمان قوم کے لیے بد دعا کی۔ خدا نے پانی کا
طوفان بھیجا۔ حضرت نوحؑ نے خدا کی ہدایت کے مطابق ایک کشتی تیار
کی۔ جو اسی ۸۰ آدمی ایمان لائے تھے وہ اس میں بیٹھ گئے۔

یا دو باراں کا زبردست طوفان آیا اور صرف کشتی اور اس کے سواروں
کے سوا پوری قوم ڈوب گئی ۔ اس قصے کی طرف جب اشارہ کیا جاتا ہے
تو کشتیٔ نوح اور طوفانِ نوح کی تلمیح استعمال ہوتی ہے ۔ حضرت نوحؑ نے
نسلِ انسانی کو برقرار رکھا لہذا ان کے لیے "آدمِ ثانی" کی تلمیح
بھی آتی ہے ۔

عاد عرب کی ایک قوم تھی جو اپنے کو عاد بن سام بن نوح
کی نسل بتاتی ہے حضرت ہودؑ ان کی ہدایت کے لیے بھیجے گئے تھے ۔ مگر
انہوں نے نافرمانی کی اور آندھی کا عذاب ان پر بھیجا گیا اور سب ہلاک
ہو گئے ۔ اس قصہ کی تلمیح میں طوفانِ عاد یا "صرصرِ عاد" کا لفظ
آتا ہے ۔

ثمود عرب کی ایک اور قوم تھی جو چار واسطوں سے اپنے کو
حضرت نوحؑ کی اولاد بتاتی تھی ان کی ہدایت کے لیے حضرت صالحؑ کو بھیجا
گیا تھا ۔ انہوں نے بھی سرکشی کی اور حضرت صالحؑ کی اونٹنی کی کونچیں کاٹ

ڈالیں ۔ نافرمانی کے سبب یہ بھی ہلاک کر دیے گئے ۔ اُس قصّہ کی تلمیح میں
ناقۂ صالح کی تلمیح اسی کے لیے وضع ہوئی ہے ۔

حضرت یونسؑ کو ایک مچھلی نگل گئی تھی وہ مچھلی کے پیٹ کے اندر
بھی خدا کی حمد و ثنا میں مشغول رہے ۔ آخر مچھلی نے ان کو دریا کے کنارے پر
اگل دیا ۔ یونسؑ کے لفظ سے اس قصّہ کی طرف اشارہ کرتا ہے ۔

حضرت ایوبؑ پر امتحاناً خدا کی طرف سے طرح طرح کی تکلیفیں
نازل ہوئیں مگر وہ ہر حال میں خدا کا شکر ادا کرتے رہے ۔ اسی سے صبرِ ایوب
کی تلمیح ہے ۔

حضرت داؤدؑ نہایت خوش الحان تھے وہ جب خدا کی حمد و ثنا
کے راگ گاتے تو پرند ان کے گرد جمع ہو جاتے تھے ۔ مزامیرِ داؤد ۔
نغمۂ داؤد ، لحنِ داؤدی کے الفاظ سے یہی مراد ہے ۔

حضرت داؤدؑ کے بیٹے حضرت سلیمانؑ ایک بڑی سلطنت
کے مالک تھے ۔ ان کی حکومت دور دور تک پھیلی ہوئی تھی تمام مخلوقات

ان کے زیر فرمان تھی ان کے پاس ایک انگشتری تھی ۔ جس کی کرامت سے

ان کی حکومت اتنی وسیع تھی ایک دیو ان کی انگشتری چرا کر لے گیا اور

حکومت سلیمانؑ کے ہاتھ سے جاتی رہی ۔ مگر دریا پر سے گزرتے انگشتری

دیو کے ہاتھ سے نکل کر پانی میں جا گری اُسے ایک مچھلی نگل گئی ۔ کچھ عرصہ کے

بعد خدا کی مرضی سے وہ مچھلی ایک ماہی گیر کے جال میں پھنس گئی ۔ اور

شاہی محل میں پہنچی چاک کرنے پر انگشتری برآمد ہوئی ۔ اور حضرت سلیمانؑ

کی حکومت بحال ہو گئی ۔ اس انگشتری کا ذکر خاتم سلیمان یا انگشتری سلیمان

کے نام سے تلمیحاً آتا ہے ۔

حضرت سلیمانؑ کے پاس ایک جواہر نگار تخت تھا جس پر

بیٹھ کر وہ جہاں چاہتے پہنچ جاتے تھے ۔ تختِ سلیماں کا تذکرہ اسی

کے لیے کیا جاتا ہے ۔

حضرت سلیمانؑ کا محل بہت شاندار تھا صحن شیشے کا تھا

جس کے نیچے پانی کی نہر بہتی تھی اور اتنا شفاف آئینہ تھا کہ صحن پر

منیر نیازی کا دھوکا ہوتا تھا۔ اس شیش محل کو شعرائ اور ادبائ تلمیحاً
لاتے ہیں ۔

حضرت سلیمانؑ تمام جانوروں کی بولیاں سمجھتے تھے لہذا اس خوبی کے
لیے منطق الطیر کا لفظ مستعمل ہے ۔

حضرت یعقوبؑ ایک پیغمبر گزرے ہیں ان کے گیارہ بیٹے تھے
جن میں وہ حضرت یوسفؑ (جنہیں پیغمبری بھی ملی) کو بہت عزیز رکھتے تھے ۔
باپ کی اس خصوصی توجہ کی بنا پر باقی بھائی یوسف سے عناد رکھتے تھے
ایک روز حضرت یوسفؑ کے بھائی باپ سے اجازت لے کر انہیں اپنے
ساتھ بھیڑیں چرانے لے گئے اور دھوکے سے انہیں کنوئیں میں دھکیل دیا ۔
اور ان کا کرتا خون میں ڈبو کر گھر لے آئے ۔ باپ کو دکھا کر ایک فرضی قصہ
سنایا کہ یوسفؑ کو بھیڑیا اٹھا لے گیا ۔ حضرت یعقوبؑ پر بیٹے کی جدائی
بہت شاق گزری ۔ وہ بیٹے کی یاد میں دن رات رویا کرتے ۔ روتے روتے
ان کی بینائی جاتی رہی ۔ اس واقعہ میں تلمیحات کی کثرت ہے ۔

بیت الحزن ، یا غم خانۂ یعقوبؑ ، استعمال ہوا ہے ۔ حضرت یوسفؑ کو
ان کی خوبصورتی کی وجہ سے ماہِ کنعاں ، اور حضرت یعقوب کو تلمیحاً
پیرِ کنعاں اور برادرانِ یوسف ۔ جس کنویں میں حضرت یوسفؑ
کو گرایا تھا اُسے چاہِ یوسفؑ کہا جاتا ہے ۔

حضرت یوسفؑ حسن و جمال میں لاثانی تھے عزیزِ مصر کی اہلیہ
زلیخا اُن پر عاشق ہو گئیں مصر کی عورتیں زلیخا کو طعنہ دیتی تھیں ۔
زلیخا نے ایک بار مصری عورتوں کو جمع کیا حضرت یوسفؑ کو پردے کے
پیچھے چھپا دیا ۔ اور ایک ایک چھری اور ایک ایک لیموں ہر عورت کو دیدیا ۔
اور اُن سے کہا کہ جب یوسفؑ پردہ کے پیچھے سے برآمد ہوں تو ہر عورت
اپنا لیموں چھری سے تراشے ۔ جب حضرت یوسفؑ باہر آئے تو مصری
عورتوں کے ہوش و حواس گم ہو گئے ۔ اور انہوں نے بجائے لیموں کے
اپنے ہاتھ کاٹ لیے ۔ یہ واقعہ اکثر و بیشتر تلمیح کے طور پر دہرایا
جاتا ہے زلیخا اور عزیز مصر کا ذکر بھی ہوتا ہے ——

حضرت ابراہیمؑ کے والد بت تراش تھے۔ تلمیحاً آذر بت تراش کا ذکر ہوتا ہے۔ آپ کی مہمان نوازی مشہور ہے۔ "خوانِ خلیل" کی تلمیح اسی طرف اشارہ کرتی ہے۔ نمرود نے عقائد کی مخالفت کی بنا پر ان کو آگ کے الاؤ میں ڈلوا کر مارنے کی کوشش کی۔ مگر انگارے حضرت ابراہیمؑ پر گلزار ہو گئے۔ اور وہ زندہ سلامت اس الاؤ میں سے نکل آئے۔ "آتشِ نمرود" ۔ گلزارِ خلیل (خلیل اللہ حضرت ابراہیمؑ کا لقب تھا) یا گلزارِ ابراہیم کی تلمیحات اس سلسلہ میں مصروف ہیں۔

خدا نے حضرت ابراہیمؑ کا امتحان لینے کے لیے ان سے قربانی چاہی اور ان کو اپنے بیٹے حضرت اسمٰعیلؑ کے ذبح کرنے کی بشارت دی۔ حضرت ابراہیمؑ نے اللہ کی مرضی کے مطابق ایسا ہی کیا۔ ذبحِ عظیم کی تلمیح اسی امر کی طرف اشارہ ہے۔

حضرت ابراہیمؑ نے خدا کی عبادت کے لیے کعبہ بنایا سنگِ اسود اب تک اس تعمیر کی یادگار ہے۔ کعبہ، بیت الحرام۔

بیت اللہ، بیت العتیق اور مسجد الحرام کے الفاظ اس کے لیے مستعمل ہیں۔

حضرت ابراہیمؑ دین کی تبلیغ کرنے کی غرض سے اپنی بیوی ہاجرہ اور بیٹے اسمٰعیل کو مکہ چھوڑ کر چلے گئے تھے۔ حضرت اسمٰعیلؑ پیاس کی شدت سے بیقرار تھے اور بہت رو رہے تھے حضرت ہاجرہ بیٹے کی بے چینی دیکھ کر پانی کی تلاش میں ادھر سے اُدھر دوڑتی تھیں صفا اور مروہ کے درمیان حج کے دوران دوڑنا اسی واقعہ کی یاد تازہ کرتا ہے حضرت اسمٰعیلؑ نے روتے ہوئے جس پہاڑی پر ایڑیاں رگڑیں وہاں خدا کی قدرت سے ایک چشمہ برآمد ہو گیا۔ جسے زم زم کہتے ہیں اس کا پانی بہت متبرک خیال کیا جاتا ہے اُسے آبِ زم زم کہتے ہیں۔

خضر اور سکندر ایک ساتھ آبِ حیات کے چشمے کی تلاش میں نکلتے ہیں سکندر بھٹک کر واپس آجاتے ہیں اور خضر کامیاب ہو جاتے ہیں اور طویل عمر پاتے ہیں ——

آبِ حیات — چشمۂ حیواں — چشمۂ خضر — آبِ بقا —

آبِ خضر۔ چشمۂ زندگی۔ ظلمات وغیرہ اسی بات کی طرف

متوجہ کرتے ہیں حضرت خضر کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ وہ بھولے

بھٹکوں کو راستہ بتاتے ہیں بحر و بر میں وہ اسی کام پر مامور ہیں

چنانچہ ان کے لیے رہنما کی تلمیح مشہور ہے ۔

حضرت لقمان کو بعض نے حکماء کے گروہ میں اور بعض

نے پیغمبروں کے زمرہ میں شامل سمجھا مگر ان کی حکمت کے سوا کوئی

چیز مشہور نہیں ۔

حضرت موسیٰؑ بھی نہایت جلیل القدر پیغمبر تھے ان پر توریت

نازل ہوئی ان کا لقب کلیم اللہ ہے ۔ ان کے زمانہ میں جو فرعون مصر

پر حکمراں تھا وہ خدائی کا دعویٰ کرتا تھا ۔ حضرت موسیٰؑ نے اسی فرعون

کے گھر پرورش پائی ۔ فرعون کو نجومیوں نے بتایا کہ بنی اسرائیل سے

ہی ایک شخص اس کے لیے تباہی و بربادی کا ذمہ دار ہوگا لہٰذا

بنی اسرائیل میں جو بچہ پیدا ہوتا ۔ فرعون اُسے مروا ڈالتا ۔

حضرت موسیٰؑ بھی بنی اسرائیل سے تھے ان کی والدہ نے ان کو بعد از پیدائش
ایک لکڑی کے صندوق میں رکھ کر دریائے نیل میں بہادیا - یہ صندوق بہتا ہوا
فرعون کے محل کے قریب پہنچا جو دریا کے کنارے تھا - فرعون کی بیوی کی نظر
اس صندوق پر پڑی - اس نے نکلوایا تو دیکھا ایک بہت خوبصورت بچہ اس کے
اندر بند ہے وہ بے اولاد تھی اس نے اُسے عطیۂ ایزدی سمجھا اور فیصلہ کیا
کہ اس بچے کی پرورش خود کرے گی - کسی دودھ پلانے والی عورت کی
تلاش ہوئی - حسنِ اتفاق سے انتخاب حضرت موسیٰ کی والدہ کا ہوا -
اس طرح حضرت موسیٰؑ فرعون کے محل میں ہی اپنی حقیقی ماں کی آغوش
میں پرورش پانے لگے - فرعون کو جب خبر ہوئی تو اُسے وہم نے
آگھیرا کہ کہیں یہ بچہ وہی شخص نہ ہو جو میری تباہی کا سبب
بنے گا چنانچہ اس نے حضرت موسیٰؑ کا امتحان لیا - اُن کے سامنے
ایک تھال میں انگارے اور دوسرے میں جواہرات رکھے اور یہ
کہا کہ اگر یہ میرا قاتل ہوگا تو جواہرات لے گا ورنہ انگارے -

مگر خدا کے حکم سے حضرت موسیٰؑ نے انگارے مٹھی میں لے کر منہ میں رکھ لیے۔ ان کا ہاتھ اور منہ دونوں جل گئے۔ یہی جلا ہوا ہاتھ جوان ہونے پر یدِ بیضا کے معجزے میں تبدیل ہو گیا۔ یعنی جب وہ اپنا ہاتھ بغل سے نکالتے تو اس میں سے روشنی نمودار ہوتی۔ تلمیحاً یہ معجزہ مستعمل ہے۔ ان کی زبان بھی جل ہوئی تھی جس کی وجہ سے تمام عمر لکنت رہی۔

فرعون کی بیوی نے حضرت موسیٰؑ کو مصری کاہنوں سے تمام علوم کی تعلیم دلوائی۔ ہوش سنبھالنے پر اُن کو معلوم ہو گیا تھا کہ میں فرعون کا بیٹا نہیں ہوں اور نہ ہی قبطی ہوں۔ بلکہ بنی اسرائیل میں سے ہوں۔ قبطی اسرائیلیوں پر بہت ظلم کرتے تھے ایک مرتبہ ایک قبطی نے بغیر کسی قصور کے ایک اسرائیلی کو بہت مارا۔ یہ واقعہ جب آپؑ نے دیکھا تو بہت غصہ آیا۔ اور قبطی کو جان سے مار ڈالا۔ پھر مصر سے نکل کھڑے ہوئے اور مدین پہنچ گئے۔

وہاں ایک کنویں پر چند نوجوان لڑکیوں کو پانی بھرتے دیکھا۔ پیاس شدت

کی تھی۔ پانی مانگا ۔ جواب ملا کہ ہم اپنے مویشیوں کو سیراب کر لیں

تو تمہاری خبر لیں ۔ حضرت موسیٰؑ نے کہا تم مجھے پانی پلا دو میں تمہارے

مویشیوں کو پانی کھینچ کر پلا دوں گا۔ انہوں نے اس شرط کو منظور

کر لیا ۔ یہ نوجوان لڑکیاں مدین کے پیغمبر حضرت شعیبؑ کی بیٹیاں

تھیں انہوں نے اپنے والد سے اس نوجوان کا ذکر کیا۔ حضرت شعیبؑ

نے حضرت موسیٰؑ کو بلا کر کہا کہ اگر تم بارہ برس تک ہمارے قبیلے کی بکریاں

چراؤ تو ہم اپنی ایک لڑکی سے تمہاری شادی کر دیں گے۔ حضرت موسیٰؑ

نے منظور کر لیا ۔ بارہ برس کی خدمت کے بعد آپ کی شادی ہو گئی ۔

آپ اپنی بیوی کو ساتھ لے کر چلے ۔ راستے میں وادیٔ ایمن میں

ٹھہر گئے انہیں آگ کی ضرورت تھی کوہ طور پر کچھ چمک دکھائی دی۔

اسی طرف بڑھے دیکھا ایک درخت سر تا پا روشن ہے مگر آگ کا

نام نہیں ۔ درخت میں سے آواز آئی ۔ میں تیرا خدا ہوں تو

وادیٔ مقدس میں ہے اپنی جوتیاں اتار دے۔ موسیٰؑ نے کہا۔ رب ارنی۔
یعنی اے خدا تو اپنا دیدار مجھے دکھا۔ جواب ملا۔ لن ترانی۔ یعنی
تو مجھے ہرگز نہ دیکھ سکے گا پھر جب تجلّی ربانی کا ظہور ہوا۔ تو موسیٰؑ غش
کھا کر گر پڑے۔ پہاڑ لرز گیا بلکہ جل کر سرمہ ہو گیا اس واقعہ کی طرف
حسب ذیل تلمیحات میں اشارہ کیا گیا ہے۔ تجلّیٔ طور۔ شعلۂ طور۔
نخلِ طور۔ شمعِ طور۔ شجرِ طور۔ نخلِ موسیٰ۔ جلوۂ طور۔
نخلِ ایمن۔ شمعِ ایمن۔ وادیٔ ایمن۔ نورِ سینا۔ وادیٔ سینا۔
شعلۂ سینا۔ طورِ سینا۔ سرمۂ طور۔ ربِ ارنی۔ لن ترانی۔
خرّ موسیٰ (یعنی موسیٰؑ غش کھا کر گر پڑے)

جب حضرت موسیٰؑ ہوش میں آئے تو انہیں حکم ہوا کہ
تم اور تمہارے بھائی ہارون دونوں مل کر فرعون کو میرا پیغام پہنچاؤ۔
اسی وقت حضرت موسیٰ کو معجزہ عطا ہوا۔ ایک یہ کہ جب وہ اپنے
عصا کو زمین پر ڈال دیتے تو وہ اژدہا بن جاتا ـــــ اسی سے

عصائے موسیٰ اور عصائے کلیم کی تلمیح آتی ہے۔

حضرت موسیٰ نے بہت دشواریوں کا سامنا کر کے بہزار دقت بنی اسرائیل کو فرعون کی غلامی سے نجات دلائی اور جب ان کو ساتھ لے کر مصر سے باہر نکلنے لگے۔ تو فرعون نے اپنی فوج کے ساتھ ان کا پیچھا کیا۔ حضرت موسیٰؑ دریا کے کنارے پہنچ گئے تھے اگر پیچھے ہٹتے ہیں تو فرعون کی فوج ہے اور اگر آگے قدم بڑھاتے ہیں تو دریائے نیل کا ٹھاٹھیں مارتا پانی ہے۔ انہوں نے اپنا عصا پانی پر مارا۔ دریا دو حصّوں میں بٹ گیا۔ درمیان میں گذرنے کے لیے خشک راستہ بن گیا۔ حضرت موسیٰؑ اپنی قوم کے ساتھ دریا کے پار پہنچ گئے۔ فرعون اور اُس کے ہم نوا بھی اسی راستے سے حضرت موسیٰؑ کا تعاقب کرتے آگے بڑھ رہے تھے۔ اور ابھی آدھا راستہ باقی تھا۔ کہ دریا ہموار ہو گیا۔ فرعون اور اُس کے تمام ساتھی غرقِ آب ہو گئے۔ حضرت موسیٰؑ اپنی قوم کو لے کر ایک جنگل میں جا بسے اس جنگل کو "تیہ بنی اسرائیل" کا نام دیا گیا ہے یہاں وہ چالیس سال تک

مقیم رہے۔ گزر اوقات "من و سلویٰ" پر تھی جو اللہ تعالیٰ فرشتوں
کے ذریعہ انہیں بھیجتا تھا۔

حضرت موسیٰ اکثر کوہ طور پر عبادت کے لیے جایا کرتے تھے
یہیں ان پر توریت کا نزول ہوا۔ ایک مرتبہ آپ حسب معمول کوہ طور
پر گئے ہوئے تھے۔ ایک شخص سامری سونے کا بچھڑا جس کے منہ سے
آواز نکلتی تھی لے کر اُن کی قوم کے پاس گئے اور انہیں گمراہ کر دیا۔
حضرت موسیٰ واپس آکر اپنی قوم سے بہت ناراض ہوئے اور بچھڑے
کو جلا کر خاک کر ڈالا تلمیح میں سامری اور گوسالۂ سامری آتے ہیں۔

حضرت عیسیٰ کی والدہ حضرت مریمؑ بڑی عابدہ اور
زاہدہ تھیں۔ رات کو نیت کر کے دن بھر کسی سے کلام نہیں کرتی تھیں اور
خدا کی یاد میں مشغول رہتی تھیں۔ اس کو "صوم مریم" اور
"روزۂ مریم" کہتے ہیں۔

حضرت عیسیٰ کو "ابن مریم" اور "روح اللہ" کے

لقب سے یاد کیے جاتے ہیں گدھا جو ان کی سواری میں رہتا تھا وہ
خرِ عیسیٰ کے نام سے مذکور ہوتا ہے مسیح و مسیحا بھی حضرت عیسیٰ ہی
کے نام ہیں وہ قُم باذنی ۔ (یعنی کھڑا ہو میرے حکم سے)
کہہ کر مُردوں کو زندہ کر دیتے تھے اس معجزے کا ذکر "اعجازِ عیسوی۔
دمِ عیسیٰ۔ اعجازِ عیسیٰ۔ قُم اور قُم باذنی کے الفاظ سے یاد
کیا جاتا ہے۔

حضرت عیسیٰ مٹی کے جانور بنا کر ان میں روح پھونکتے اور
اُن کو اُڑا دیا کرتے تھے۔ چمگادڑ اسی معجزہ کی یادگار ہے جسے مرغِ عیسیٰ
اور مرغِ مسیحا کہتے تھے۔ بیماروں کو اچھا کرنا بھی آپ کا ایک معجزہ
تھا اس کا ذکر بھی شاعری میں آتا ہے۔

عیسائی حضرت عیسیٰ کو ابن اللہ کہتے ہیں آپ پر انجیل
نازل ہوئی۔ یہودیوں نے آپ کو صلیب پر چڑھا دیا۔ مگر خدا نے آپ
کو زندہ اُٹھا لیا قیامت کے قریب دوبارہ زمین پر تشریف لائیں گے

اور ایک کافر کا مقابلہ کریں گے جس کا نام دجال ہوگا خرِ دجال۔

اسی آنے والے واقعہ کی تلمیح سمجھی جاتی ہے۔ آسمان پر چڑھتے وقت

ایک سوئی آپ کے پیر میں اٹکی رہ گئی۔ چونکہ دنیوی چیز تھی اس لیے ممدوح

چوتھے آسمان سے آگے نہ بڑھ سکے۔ سوزنِ عیسیٰ اسی خیال کی تلمیح ہے۔

ایک تلمیح ہاروت وماروت کی ہے یہ دو فرشتوں کا نام ہے

جنہوں نے دعویٰ کیا تھا کہ انسان جس طرح نفسانی خواہشوں میں مبتلا ہو

جاتے ہیں اسی طرح ہم اگر دنیا میں جائیں تو کبھی نہیں ہوسکتے۔ خدا نے

ان کو امتحاناً بھیجا اور وہ شروع میں تو وعظ وعبادت میں

مشغول رہے۔ پھر ایک رنڈی پر جس کا نام زہرہ تھا عاشق ہوگئے۔

یہ عورت نہایت حسین اور جادوگرنی تھی اس نے ان فرشتوں سے آسمان پر

جانے کا علم سیکھا۔ اور ان کو جادو کا علم سکھایا۔ خدا نے ان

فرشتوں کو بطورِ سزا کے بابل کے ایک کنوئیں میں لٹکنے کی سزا دی۔

کہتے ہیں تمام دنیا کا دھواں وہیں جاتا اور ان کے نتھنوں میں داخل ہوتا

اور ان کو ایذا دیتا ہے اگر کوئی ان سے جادو سیکھنا چاہے تو وہ سکھا دیتے
ہیں ۔ رنڈی اس واقعہ کے بعد آسمان پر چلی گئی اور زہرہ تارہ بن گئی ۔ زہرہ
اور چاہِ بابل کے ساتھ یہ تلمیح وابستہ ہے ۔

ایک قصہ ذوالقرنین کا ہے جس کو عام لوگوں نے سکندر سمجھا ہے کہتے
ہیں کہ دو پہاڑوں کے پیچھے ایک قوم یاجوج ماجوج آباد ہے ان دونوں
پہاڑوں کے درمیان ایک گھاٹی ہے جس سے یہ قوم باہر نکل کر لوگوں کو
ستاتی تھی ۔ اس قوم کی شکل و صورت اور قد و قامت کی نسبت عجیب و
غریب روائتیں ہیں ۔ مشہور ہے کہ سکندر ذوالقرنین نے لوہے اور تانبے
کو گلا کر ایک دیوار ان پہاڑوں کے درمیان بنادی ۔ جس سے یہ لوگ باہر
نہ نکل سکیں کہتے ہیں کہ ہر روز یہ لوگ اس دیوار کو چاٹ کر پتلا کر
دیتے ہیں شام کو جتنی باقی رہ جاتی ہے چھوڑ دیتے ہیں رات بھر میں یہ
دیوار اتنی ہی دبیز ہو جاتی ہے ۔ قیامت کے قریب یہ لوگ اس دیوار
سے نکل آئیں گے دیوارِ مذکور سدِ سکندری کے نام سے مشہور ہے ۔

ایک قصہ اصحاب کہف کا ہے اس کے معنی ہیں غار والے آدمی۔
